فلسطین کی جہاد اسلامی تحریک کے سکریٹری جنرل زیاد النخالہ اور ان کے ہمراہ وفد سے ملاقات - 28 /Mar/ 2024

رہبر انقلاب اسلامی آیت اللہ العظمیٰ خامنہ ای نے جمعرات کی شام کو فلسطین کی جہاد اسلامی تحریک کے سکریٹری جنرل زیاد النخالہ اور ان کے ہمراہ آئے وفد سے ملاقات اور گفتگو کیـ

انھوں نے اس موقع پر مزاحمتی فورسز اور غزہ کے عوام کو اس لمحے تک میدان جنگ کا فاتح قرار دیا اور کہا کہ چھے مہینے کی اس جنگ میں غزہ اور فلسطین کے عوام کی عزت و استقامت کا اوج اور صیہونی حکومت کی شکست، ایسا واقعہ ہے جسکے پیچھے اللہ کا ہاتھ ہےـ

رہبر انقلاب اسلامی نے غزہ کے عوام کے قتل عام کے دوران صیہونی حکومت کے جرائم کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ صیہونی حکومت اپنے تمام تر جنگي وسائل اور دنیا کی ظالم طاقتوں کی بھرپور پشت پناہی کے باوجود عورتوں اور بچوں کا قتل عام کر رہی ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ یہ حکومت مزاحمتی فورسز کا مقابلہ کرنے اور انھیں شکست دینے کی طاقت نہیں رکھتیـ

انھوں نے فلسطین کی جہاد اسلامی تحریک کے سکریٹری جنرل کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ خدا کے فضل و کرم سے آپ غزہ کے عوام کی حتمی فتح کا مشاہدہ کریں گےـ

اس ملاقات میں فلسطین کی جہاد اسلامی تحریک کے سکریٹری جنرل زیاد النخالہ نے اسلامی جمہوریہ ایران کی جانب سے فلسطین کی مسلسل حمایت کی قدردانی کرتے ہوئے شہید قاسم سلیمانی کو خراج عقیدت پیش کیا اور کہا کہ آج جو کچھ غزہ میں ہو رہا ہے وہ در حقیقت واقعۂ کربلا کا اعادہ ہے اور تمام تر سختیوں اور سازشوں کے باوجود غزہ کے عوام نے مزاحمتی فورسز کے ساتھ مل کر اپنی بے نظیر استقامت کے ذریعے مزاحمت کو ختم کرنے کے امریکا، صیہونی حکومت اور ان کے حامیوں کے منصوبوں کو مٹی میں ملا دیا ہےـ

انھوں نے تمام مزاحمتی فورسز خاص طور پر حماس اور جہاد اسلامی کے درمیان مکمل ہماہنگي پر زور دیتے ہوئے کہا کہ غزہ کے عوام اور مزاحمتی فورسز حتمی فتح تک ڈٹے رہنے کا عزم رکھتی ہیں اور خداوند عالم کے لطف و کرم سے حتمی فتح بہت جلد حاصل ہوگیـ